# PRESS RELEASE

For immediate release
January 17, 2019



**پاکستان سٹاک ایکس چینج انفراسٹکچر کے منصوبوں کے لئے فنڈز کی فراہمی میں اہم کردارادا کر سکتی ہے؛چیئر مین ایس ای سی پی، فرخ سبز واری**

**چیئر مین ایس ای سی پی کے پی ایس ایکس کے بورڈ اور انتظامیہ کے ساتھ ملاقات، مارکیٹ کی ترقی کے لئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا**

کراچی(جنوری 17)سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے چیئر مین فرخ سبز واری کا کہنا ہے کہ پاکستان سٹاک ایکس چینج انفراسٹیکچر کے بڑے منصوبوں اور حکومت کی سرمائے کی فراہمی کی دیگر ضروریات کو احسن انداز سے پورا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔وہ جمعرات کو کراچی میں پاکستان سٹاک ایکس چینج کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ کے ساتھ ہونے والے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔اس موقع پر ایس ای سی پی کے کمشنر سکیورٹیز مارکیٹ ڈویژن، شوذب علی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر مسرت جبین، پی ایس ایکس کے حکام موجود تھے۔

فرخ سبزواری نے کہا کہ سٹاک مارکیٹ ملک میں معاشی سرگرمیوں کو بڑھانے اور فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ایس ای سی پی، معاشی ترقی کے حکومتی ایجنڈا کے مطابق، سٹاک مارکیٹ کی ڈویلپمنٹ اور فروغ کے لئے اصلاحات کا پروگرام شروع کر رہا ہے تا کہ اس مارکیٹ کو دیگر بین الاقوامی مارکیٹوں کے ہم پلہ بنایا جائے۔

اجلاس کے آغاز میں گزشتہ چند سالوں میں سٹاک مارکیٹ میں کی گئی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے بعد مارکیٹ میں گہرائی اور وسعت پیدا کرنے کے لئے ضروری اقدامات جیسے کہ نئی مصنوعات کو بروقت متعارف کروانا، سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے اقدامات کرنا، مارکیٹ کی ترقی کے لئے جامع اصلاحات کا پروگرام ترتیب دینا اور مارکیٹ کی وسعت اور سرمایہ کاروں میں اضافے کے لئے آگہی کے پروگرام اور دیگر اہم ایشوز پر بات کی گئی۔ سٹاک مارکیٹ میں نئی لسٹنگ کی حوصلہ افزائی کرنے کے لئے سہولتوں کی فراہمی اور میڈیم اینڈ سمال انٹرپرائزز کی لسٹنگ کے لئے اقدامات کرنے پر بھی غور کیا گیا۔

اس بات کو بھی زیر غور لایا گیا کہ سٹاک مارکیٹ کا سرمائے کی فراہمی کا اہم پلیٹ فارم ہے اور اس کو مزید مستعد کیا جا سکتا ہے۔ فرخ سبزواری نے کہا کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج اس پوزیشن میں ہے کہ انفراسٹکچر کے بڑے منصوبوں اور حکومت کی سرمائے کی دیگر ضروریات کو احسن انداز میں پورا کر سکتی ہے۔ سٹاک مارکیٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ نے ایس ای سی پی کے چیئرمین اور ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور مارکیٹ کی ترقی کے لئے مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005